**30.09.2025**
**21.15 Hrs.**
**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ
Music

………………………………

☆ انتخابی کمیشن نے بہار اسمبلی انتخابات کیلئے 7 کروڑ 42لاکھ ناموں کے ساتھ حتمی ووٹر فہرست جاری کی ہے۔
☆ بھارت–یوروپی آزاد تجارتی معاہدہ، کل سے نافذ العمل ہوجائے گا۔
☆ زراعت کے وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے گنّے کی کاشت سے متعلق چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے ICAR کی خصوصی ٹیم تشکیل دینے کا اعلان کیا ہے۔
☆ دُرگا پوجا کے آٹھویں دن کی تقریبات، دُرگا اشٹمی، مذہبی جوش و خروش کے ساتھ منائی جا رہی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے نئی دلّی کے کالی مندر میں پوجا کی۔
☆ پاکستان کے کوئٹہ میں ایک طاقتور کار بم دھماکے میں 10افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔
☆ نئی دلّی میں عالمی پیرا ایتھلیٹکس چمپئن شپ میں بھارت نے سونے کے 2 تمغے جیتے ہیں۔
☆ اور… گواہاٹی میں خواتین کے ICC عالمی کپ میں بھارت نے سری لنکا کی جیت کیلئے 271رن کا نشانہ رکھا ہے۔

………………………………

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

## Bihar Final Voters List

انتخابی کمیشن نے آج، بہار اسمبلی انتخابات کیلئے ووٹروں کی حتمی فہرست جاری کردی ہے۔ اس میں 7 کروڑ 42لاکھ رائے دہندگان ہیں، جو آئندہ اسمبلی انتخابات کیلئے ووٹ دینے کے اہل ہوں گے۔ریاست میں اسمبلی انتخابات اِسی فہرست کے مطابق کرائے جائیں گے۔خصوصی تفصیلی نظرثانی SIR مہم کے مکمل ہونے کے بعد یکم اگست کو ووٹروں کی فہرست کا ایک مسودہ جاری کیا گیا تھا۔ یہ فہرست 7 کروڑ 24لاکھ ووٹروں پر مشتمل تھی۔
ایک رپورٹ……

VC Dharmendra Kumar

بہار میں رائے دہندگان کی حتمی فہرست جاری ہوجانے کے بعد، اِن کی تعداد میں 21لاکھ 53ہزار کا اضافہ ہوگیا ہے۔ اِس حتمی فہرست کے مطابق مرد رائے دہندگان کی تعداد تین کروڑ 92لاکھ سے زیادہ ہے جبکہ

خواتین رائے دہندگان کی تعداد تین کروڑ 49لاکھ ہے۔ ایک ہزار 700سے زیادہ رائے دہندگان کا تیسری صنف سے ہے۔ اِس فہرست کا سب سے اہم پہلو یہ ہے کہ رائے دہندگان نے 18سے 19سال کی عمر کے لوگوں کی تعداد میں خاطرخواہ اضافہ ہوا ہے۔ اِن کی تعداد 14لاکھ سے زیادہ ہوگئی ہے جبکہ 7لاکھ 20ہزار معذور افراد رائے دہی کے اہل ہیں۔ جن تقریباً 65لاکھ لوگوں کو اِس فہرست سے ہٹایا گیا تھا وہ یکم ستمبر تک اِس سلسلے میں اپنے دعوے پیش کرسکتے تھے۔البتہ سیاسی پارٹیوں کے، بوتھ کی سطح کے بہت ہی کم ایجنٹوں نے، اِن ناموں حذف کئے جانے کو چیلنج کیا تھا۔

پٹنہ سے دھرمیندر کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں تنویرالفرید

## INDIA TEPA

بھارت–یوروپی آزاد تجارتی ایسوی ایشن EFTA کا، تجارت اور اقتصادی شراکت داری کے معاہدے TEPA پر کَل سے عمل شروع ہوجائے گا۔ اِس معاہدے پر نئی دلّی میں پچھلے سال 10مارچ کو دستخط کئے گئے تھے۔EFTA ایک اہم علاقائی گروپ ہے جس کے تحت اشیا اور خدمات کے شعبے میں بین الاقوامی تجارت کو بڑھاوا دینے کے بہت سے موقعے ابھر رہے ہیں۔ EFTA، آئس لینڈ Liechtenstein، ناروے اور سوئٹزرلینڈ پر مشتمل ہے، جن میں سوئٹزرلینڈ، بھارت کا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار ہے اور اُس کے بعد ناروے کا نمبر ہے۔

تجارت اور اقتصادی شراکت داری کا معاہدہ ایک جدید اور پُرامید معاہدہ ہے، جس میں پہلی مرتبہ کوئی ایسا آزاد تجارتی معاہدہ شامل کیا گیا ہے جس پر بھارت نے دستخط کئے ہیں۔ یہ معاہدہ سرمایہ کاری اور روزگار کے موقعوں کی تشکیل کے تیئں ایک عہد ہے۔تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

VC Aman

اس معاہدے میں اشیا، تجارتی سہولیات، سرمایہ کاری کے فروغ، دانشورانہ اِملاک کے حقوق، تجارت اور پائیدار ترقی سے متعلق مارکیٹ میں رسائی پر توجہ دی گئی ہے۔ اِس کے تحت EFTA کی مارکیٹ رسائی میں 100 فیصد غیرزرعی مصنوعات اور ڈبہ بند زرعی مصنوعات پر محصول میں رعایت کو شامل کیا گیا ہے۔ اِس معاہدے میں اگلے 15سال میں بھارت میں 100ارب امریکی ڈالر کی سرمایہ کاری کی عہدبستگی کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ TEPA سے خصوصی معلومات فراہم کرکے اور تجارت اور سرمایہ کاری کیلئے سازگار ماحول پیدا کرکے، بھارت کے برآمد کاروں کو اختیارات حاصل ہوں گے۔ اِس سے بھارت میں بنائی گئی اشیا کی برآمدات کو فروغ حاصل ہوگا اور مزید مارکیٹوں تک رسائی کیلئے خدمات کے شعبے کو بھی موقعے فراہم ہوں گے۔

آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اسلم بیگ

## ICAR Consulation Chouhan

زراعت اور دیہی ترقی کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے اعلان کیا ہے کہ ملک میں گنّے کی کاشت میں درپیش چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے زرعی تحقیق کی بھارتی کونسل ICAR میں ایک خصوصی ٹیم کی تشکیل دی جائے گی۔

وزیر موصوف آج نئی دلّی میں گنّے کی پائیدار معیشت سے متعلق قومی مشاورت سے، ورچوئل وسیلے سے خطاب کر رہے تھے۔x

**PM Durg Puja**

آج دُرگا اشٹمی منائی جارہی ہے۔وزیر اعظم نریندر مودی آج شام قومی راجدھانی میں چترنجن پارک کے کالی باڑی علاقے میں درگا پوجا پنڈال گئے۔ وزیر اعظم نے مہا اشٹمی کے اِس مبارک موقعے پر دیوی درگا کی آرتی اور پوجا ارچنا کی۔اس موقع پر دلّی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا بھی موجود تھیں۔

**Prez Army Chief**

چیف آف ڈیفنس اسٹاف اور فوج کی تینوں شاخوں کے سربراہان نے آج، راشٹرپتی بھون میں صدر دروپدی مرمو سے ملاقات کی۔ اُن کے ساتھ فوج کے سربراہ جنرل اُپیندر دویویدی، فضائیہ کے سربراہ ایئرچیف مارشل اے پی سنگھ اور بحریہ کے سربراہ ایڈمرل دِنیش کے ترپاٹھی بھی موجود تھے۔x

**Seva Parv**

عوامی خدمت اور اچھی حکمرانی پر مبنی سیوا اور سُشاسن کے منتر سے تحریک حاصل کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی کی زیر قیادت حکومت تبدیلی اور ترقی کی خاطر انتھک کام کر رہی ہے۔ آج ہم خصوصی سیریز ’سیوا پرو‘ کے تحت اس بات کا تذکرہ کریں گے کہ کس طرح گروپ کیپٹن شبھانشوشکلا کا خلاء کا تاریخی سفر بھارت کے اہم خلائی پروگرام کو تقویت بخش رہا ہے اور نئے امکانات تلاش کرنے کی تحریک دے رہا ہے۔

Capsule

بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پر پہنچنے والے پہلے بھارتی خلاء باز کے طور پر جب گروپ کیپٹن شبھانشوشکلا نے تاریخ رقم کی تو اُن سے 140 کروڑ بھارتیوں کے خواب وابستہ تھے۔ یہ حصولیابی کوئی واحد واقعہ نہیں تھی بلکہ وزیر اعظم نریندر مودی کی زیرقیادت خلائی امکانات کے سلسلے میں بھارت کے اہم سنگ میل کا ایک حصہ تھا۔ بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پر اُن سے بات کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا تھا کہ یہ بھارت کے پہلے انسانی خلائی مشن گگن یان کی کامیابی کی جانب پہلا قدم ہے۔

S/B Modi on Shukla

گروپ کیپٹن شبھانشوشکلا کے خلائی سفر سے بھارت کے مستقبل کے مشنوں کی راہ ہموار ہوگئی ہے جس میں بھارت کا خود کا خلائی اسٹیشن بھی شامل ہے۔x

**TRI Services Rajnath**

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے زور دے کر کہا ہے کہ بھارتی مسلح افواج کے مابین تال میل اور اشتراک کے

ساتھ کام کرنا آج کے دور میں ضرورت بن گیا ہے۔ وزیر موصوف نے یہ بات آج نئی دلّی میں فوج کی تینوں شاخوں کے ایک سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس کا موضوع تھا ’’اشتراک کو مزید فروغ :ایک دوسرے کو معلومات دے کر تال میل‘‘ جناب سنگھ نے یہ بھی کہا کہ اکیسویں صدی میں خطرات اور بھی پیچیدہ ہوگئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ زمین، سمندر، فضا، خلا اور سائبراسپیس، یہ سبھی گہرائی کے ساتھ ایک دوسرے سے مربوط ہیں۔

انھوں نے مزید کہا کہ آپریشن سندور کے دوران، بھارت نے اپنے فضائی دفاع میں اشتراک کا ایک قابل تحسین مظاہرہ کیا، جو فیصلہ کن ثابت ہوا۔انھوں نے کہا کہ بھارتی فوج کو، دنیا میں بہترین فوج سمجھا جاتا ہے اور اِن افواج کی اقدار اور طریق کار کو دنیا بھر میں سراہا جاتا ہے۔

S/B Rajnath Army Skills

جناب سنگھ نے خاص طور پر کہا کہ اِس آپریشن کے دوران بھارتی فضائیہ کا ایئرکمان اور کنٹرول نظام، بھارتی فوج کے Akashteer اور بھارتی بحریہ کے Trigun کے ساتھ بخوبی مربوط ہے جس سے اِس کامیابی کو بنیاد فراہم ہوئی ہے۔x

## NDA Delegation Press Meet

سابق مرکزی وزیر انوراگ ٹھاکر نے کہا ہے کہ اُس افسوسناک دن مناسب سیکیورٹی فراہم نہ کرنے کے سلسلے میں خدشات ظاہر کیے جا رہے ہیں، جب Karur میں بھگدڑ مچی تھی اور انہوں نے تمل ناڈو حکومت پر اُن لوگوں کو حراست میں لینے کا الزام لگایا ہے جنہوں نے سوشل میڈیا کے ذریعے اپنی آواز اٹھائی۔

Karur میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تمل ناڈو حکومت کی جانب سے ایک شخص پر مشتمل کمیشن تشکیل دینا، نامناسب ہے۔ وفد نے اِس حادثے کی CBI تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے یہ بھی جاننا چاہا کہ اِس معاملے پر مرکزی حکومت کی جانب سے پوچھے گئے سوالات کا ریاستی حکومت نے جواب کیوں نہیں دیا؟ انہوں نے کہا کہ جوابات سے کہیں زیادہ سوالات ہیں۔ انہوں نے اِس بات پر بھی سوال اٹھایا کہ مقامی انتظامیہ نے NDA کے وفد سے ملاقات کرنے سے کیوں انکار کر دیا؟

## Leh Restrictions Relaxed

لداخ کے تشدد سے متاثرہ لیہہ ضلع میں BNSS کی دفعہ 163 کے تحت امتناعی احکامات نافذ کیے جانے کے ساتویں روز پُر امن صورتحال کے پیش نظر حکام نے دو مرحلوں میں پابندیوں میں نرمی کیے جانے کی اجازت دی ہے۔ تاہم 2-G، 3-G، 4-G، 5-G موبائل ڈیٹا سروس اور 5-G پبلک وائی فائی سہولت آج بھی معطل رہی۔ x

## TN Accident

تمل ناڈو میں Ennore حرارتی بجلی پلانٹ میں Ponneri کے نزدیک ایک زیرتعمیر محراب گرنے کے حادثے میں 9مزدور ہلاک اور کئی زخمی ہوگئے۔ یہ مزدور 30فٹ کی اونچائی سے گرے تھے۔ یہ حادثہ آج شام پیش

آیا جب یہ کارکن بغیر حفاظت کے اپنا کام انجام دے رہے تھے۔ زخمیوں کو Stanley سرکاری اسپتال میں داخل کرا دیا گیا۔x

## Quetta Blast

پاکستان کے شہر کوئٹہ میں، نیم فوجی سرحدی کور کے صدر دفتر کے باہر ایک طاقتور کار بم دھماکہ ہوا جس میں دس افراد ہلاک اور 30 سے زیادہ زخمی ہوگئے۔ بلوچستان کے صحت کے محکمے میں صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ نے بتایا کہ اِس دھماکے میں قانون نافذ کرنے والے عملے کے دو اہلکار ہلاک ہوگئے، جبکہ مرنے والوں میں باقی لوگ عام شہری تھے۔ حفاظتی دستوں نے بتایا کہ جوابی کارروائی میں، ایک خودکش بمبار سمیت چھ دہشت گرد مارے گئے ہیں۔ اس واقعے میں ایک خودکش بمبار نے FC صدر دفتر کے قریب خود کو دھماکے سے اڑا لیا جس کے بعد زبردست فائرنگ ہوئی۔x

## Vietnam Typhoon

ویتنام میں طوفان Bualoi میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 26 ہوگئی ہے، جبکہ 22 افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔ ویتنام میں اِس سال کے سب سے تباہ کن طوفان نے بڑے پیمانے پر تباہی مچائی ہے، جس کے سبب شدید بارش ہوئی اور سیلاب آ گیا، پروازوں اور ریل خدمات میں رخنہ پڑا۔ ویتنام کی موسمیات سے متعلق قومی ایجنسی سے متعلق گزشتہ 24 گھنٹے میں ویتنام کے مختلف حصوں میں 300 ملی میٹر سے زیادہ بارش ہوئی ہے۔ ایجنسی نے چٹانوں کے ٹکرے گرنے اور اچانک سیلاب کے خطرے کی وارننگ دی ہے۔ ویتنام کے وزیر اعظم Pham Minh Chinh نے مقامی عہدیداروں کو فوری اقدامات کی ہدایت دی ہے۔ انہوں نے تعلیمی اور طبی مراکز کی مرمت کرنے کا بھی حکم دیا ہے۔ x

## Para Athletics Sargar

بھارت نے عالمی پیرا اتھلیٹکس چمپئن شپ میں مردوں کے نیزہ پھینکنے کے مقابلے میں قابل تحسین کامیابی حاصل کی۔ بھارت کے نیزہ پھینکنے والے مایہ ناز کھلاڑی سُمِت انتِل نے مردوں کے F64 فائنل میں سونے کا تمغہ حاصل کیا جبکہ سندیپ سنجے سرگر نے بھی نیزہ پھینکنے کے مردوں کے F44 مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا۔

سُمِت انتِل نے 71 اعشاریہ تین سات میٹر کی دوری پر نیزہ پھینک کر ریکارڈ قائم کیا۔ انھوں نے 2023 میں پیرس میں اور 2024 میں Kobe میں سونے کا تمغہ حاصل کیا تھا۔x

## Fur Rev. Women World Cup

آج شام گواہاٹی میں خواتین کے ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کے ICC عالمی کپ 2025 کے افتتاحی میچ میں بھارت کے خلاف سری لنکا کو جیت کیلئے 271 رن کا نشانہ ملا ہے۔ بھارت نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے

47اوورز میں 8وکٹ پر 269رن بنائے۔ بارش کی وجہ سے کھیل کو 47اوورز کا کردیا گیا تھا اور Duckworth Lewis طریقۂ کار کے تحت جیت کے نشانے کو 271رن کر دیا گیا۔اب سے کچھ دیر پہلے سری لنکا نے 15اوورز میں 2وکٹ پر 82رن بنا لئے تھے۔

اِس سے قبل سری لنکا نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔بھارت کیلئے Amanjot Kaur نے سب سے زیادہ 57رن بنائے۔ سری لنکا کیلئے گیند باز Inoka Ranweera نے 4وکٹ حاصل کیے۔ x

## ISSF Gold

نشانے بازی کے ISSF جونیئر ورلڈ کپ میں 10میٹر ایئر رائفل مکسڈ ٹیم مقابلے میں Isha Anil Taksale اور ہمانشو نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے ہم وطن Shambhavi Kshirsagar اور Naren Pranav کو ہراکر سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ وہیں دہلی میں Men's Trap مقابلے میں Vinay Pratap Chandrawat نے کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔ بھارت نے اس چمپئن شپ میں 23تمغے جیت کر اپنی نمبر ایک کی پوزیشن کو برقرار رکھا ہے۔x

☆☆☆☆☆☆